دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ایم کیو ایم کا کردار قابل تعریف ہے۔ کینیڈا کے رکن پارلیمنٹ آرٹ ہینگر

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان فرنٹ لائن اتحادی ہے اور ایم کیو ایم اس جنگ میں سب سے بڑی اتحادی جماعت ہے

ایم کیو ایم کے فکر و فلسفہ و عملی جدوجہد سے پاکستان میں حقیقی جمہوریت کی امید بندھتی ہوئی نظر آتی ہے۔ شیراز شریف رکن قانون ساز اسمبلی کینیڈا

عوام کو ایم کیو ایم کے خلاف بہکانے کی تمام کوششیں ناکام ثابت ہوئی ہیں۔ ڈاکٹر سید علی

کیلگری میں ایم کیو ایم کینیڈا کے چھٹے سالانہ کنونشن سے خطاب

کیلگری۔۔۔16 جون 2007ء

کینیڈا کے رکن پارلیمنٹ آرٹ ہینگر (ART HANGER) نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ایم کیو ایم کا کردار اور انٹرنیشنل کمیونٹی کے ساتھ اس کا تعاون قابل تعریف ہے۔ انہوں نے یہ بات کینیڈا کے شہر کیلگری میں ایم کیو ایم کینیڈا کے چھٹے سالانہ کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ کنونشن سے کینیڈا کے شہر البرٹا سے قانون ساز اسمبلی کے رکن شیراز شریف، ایم کیو ایم انٹرنیشنل افیئرز ڈویژن کے وائس کوآرڈی نیٹر محمد یونس، ایم کیو ایم کینیڈا کے نگراں ڈاکٹر سید علی اور قائم مقام سینٹرل آرگنائزر شکیل اختر نے بھی خطاب کیا۔ کنونشن میں کینیڈا کے مختلف شہروں سے تعلق رکھنے والے ایم کیو ایم کے کارکنوں سمیت سینکڑوں پاکستانیوں نے شرکت کی جس میں ہر قومیت اور مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد شامل تھے۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے رکن پارلیمنٹ آرٹ ہینگر نے دہشت گردی کے خلاف جنگ کے حوالے سے پاکستان کے کردار اور کوششوں کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ دنیا بھر میں دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان انٹرنیشنل کمیونٹی کی فرنٹ لائن اتحادی ہے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ایم کیو ایم کے کردار کی تعریف کرتے ہوئے آرٹ ہینگر نے کہا کہ پاکستان میں ایم کیو ایم اس جنگ میں سب سے بڑی اتحادی جماعت ہے اور اس سلسلے میں ایم کیو ایم کا کردار اور انٹرنیشنل کمیونٹی کے ساتھ اس کا تعاون قابل تعریف ہے۔ آرٹ ہینگر نے کینیڈا میں آباد پاکستانی کمیونٹی سے کہا کہ وہ کینیڈا کی مقامی سیاست میں اپنا مؤثر کردار ادا کریں۔ البرٹا سے قانون ساز اسمبلی کے رکن شیراز شریف نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم مڈل کلاس کی نمائندگی کرتی ہے اور اس کے فکر و فلسفہ و عملی جدوجہد سے پاکستان میں حقیقی جمہوریت کی امید بندھتی ہوئی نظر آتی ہے۔ انہوں نے ایم کیو ایم کینیڈا کے رہنماؤں اور کارکنوں کو سالانہ کنونشن کی مبارکباد پیش کی۔ اجتماع سے اپنے خطاب میں ایم کیو ایم کینیڈا کے نگراں ڈاکٹر سید علی نے کہا کہ سازشی عناصر نے ایم کیو ایم کے خلاف ملک اور بیرون ملک جو زہریلے پروپیگنڈے کئے وہ تمام کے تمام بے اثر ثابت ہوئے ہیں اور عوام کو ایم کیو ایم کے خلاف بہکانے اور ورغلانے کی تمام کوششیں ناکام ثابت ہوئی ہیں اور عوام متحد ہیں۔ ڈاکٹر سید علی نے کینیڈا میں مقیم پاکستانیوں کے مسائل پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ انہوں نے کینیڈا میں مقیم پاکستانیوں کے مسائل پر مبنی چارٹر کا بھی ذکر کرتے ہوئے کہا کہ کنزرویٹو پارٹی آف کینیڈا کی جانب سے چند مسائل حل کرنے ہم ان کے شکر گزار ہیں انہوں نے امید ظاہر کی کہ کنوزرویٹو پارٹی پاکستانیوں کو درپیش مسائل کے حل کیلئے جلد از جلد مزید اقدامات کرے گی۔ اجتماع سے محمد یونس نے اپنے خطاب میں کہا کہ ایم کیو ایم عدلیہ کی آزادی پر یقین رکھتی ہے اور اس کی جدوجہد پاکستان میں انصاف کے نظام کے قیام اور حقیقی جمہوریت کے قیام کیلئے ہے۔ اس موقع پر انہوں نے کینیڈا میں مقیم پاکستانیوں کے کردار کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی کمیونٹیز سے تعلق رکھنے والے پاکستان کی ترقی و خوشحالی میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ ایم کیو ایم کینیڈا کے قائم مقام سینٹرل آرگنائزر شکیل اختر نے کہا کہ پاکستانی کمیونٹی کو کینیڈا کی سیاست میں اہم کردار ادا کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے۔ انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ اپنے کام کو مزید بہتر بنائیں۔ اجلاس کے شرکاء کو 12 مئی کے واقعات کے حقائق پر مبنی وڈیو فلم ”کڑوا سچ“ بھی دکھائی گئی جسے دیکھ کر حاظرین نے ایم کیو ایم کے خلاف کئے جانے والے یکطرفہ پروپیگنڈے پر حیرت کا اظہار کیا۔

سانحہ نشتر پارک پر متحدہ قومی موومنٹ پر جھوٹے الزامات لگانے والے متحدہ مجلس عمل کے رہنما خصوصاً جماعت اسلامی کے رہنما قوم سے معافی مانگیں، سلیم شہزاد

سانحہ نشتر پارک کی طرح 12 مئی کے واقعات کے اصل مجرم اور اصل حقائق بھی سامنے آرہے ہیں

لندن۔۔۔ 16، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے کہا ہے کہ سانحہ نشتر پارک پر متحدہ قومی موومنٹ پر جھوٹے الزامات لگانے والے متحدہ مجلس عمل کے رہنما خصوصاً جماعت اسلامی کے رہنما اب قوم سے معافی مانگیں۔ انہوں نے کہا کہ آج سانحہ نشتر پارک کے مجرم پکڑے جا چکے ہیں اور اس سانحہ کی تمام سازش پوری تفصیل کے ساتھ سامنے آچکی ہے جبکہ سانحہ نشتر پارک کے فوراً بعد متحدہ مجلس عمل خصوصاً جماعت اسلامی کے رہنماؤں نے متحدہ قومی موومنٹ پر سانحہ نشتر پارک کا جھوٹا الزام لگا کر پورے ملک میں اسی طرح جھوٹا پروپیگنڈہ کیا جس طرح آج 12 مئی کے واقعات کے حوالے سے کیا جارہا ہے۔ سلیم شہزاد نے کہا کہ اب متحدہ مجلس عمل خاص طور پر جماعت اسلامی کے رہنما سانحہ نشتر پارک کے حوالے سے متحدہ قومی موومنٹ پر جھوٹے الزامات لگانے اور جھوٹا پروپیگنڈہ کرنے پر متحدہ قومی موومنٹ کے کارکنوں، ووٹروں اور پوری قوم سے معافی مانگیں۔ سلیم شہزاد نے کہا کہ جس طرح آج سانحہ نشتر پارک کے اصل مجرم اور اصل حقائق قوم کے سامنے آگئے ہیں اسی طرح 12 مئی کے واقعات کے اصل مجرم اور اصل حقائق بھی سامنے آرہے ہیں اور جلد وہ دن آئے گا جب 12 مئی کے سانحہ کے حوالہ سے متحدہ قومی موومنٹ پر جھوٹے الزامات لگانے والے اسی طرح تھوکا ہوا چاٹ رہے ہونگے جس طرح آج سانحہ نشتر پارک کے اصل حقائق سامنے آنے پر اس سانحہ کا الزام متحدہ قومی موومنٹ پر لگانے والے چاٹ رہے ہیں۔

متحدہ مجلس عمل، جماعت اسلامی اور ن لیگ عوام دشمن جماعتیں ہیں، حق پرست سینیٹرز ہڑتال کی اپیل کو یکسر مسترد کرنے پر کراچی کے عوام، دکانداروں، صنعت کاروں، ٹرانسپورٹروں اور کاروباری طبقہ کو خراج تحسین

کراچی۔۔۔ 16، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست سینیٹرز نے متحدہ مجلس عمل اور ن لیگ کی جانب سے ہڑتال کی اپیل کو یکسر مسترد کرنے پر کراچی کے عوام، ماؤں، بہنوں، بزرگوں، نوجوانوں، دکانداروں، صنعت کاروں، ٹرانسپورٹروں اور کاروباری طبقہ کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ عوام اچھی طرح سمجھ چکے ہیں کہ متحدہ مجلس عمل، جماعت اسلامی اور ن لیگ نہ صرف عوام دشمن جماعتیں ہیں بلکہ یہ جماعتیں خاص طور پر سندھ اور اس کے دارالحکومت کراچی کے عوام کی بدترین دشمن بھی ہیں جو سندھ اور کراچی کا امن تباہ کرنے کیلئے مسلسل گھناؤنی سازشیں کررہی ہیں۔ حق پرست سینٹرز نے کہا کہ ان دونوں جماعتوں اور ان کے لیڈروں قاضی حسین احمد اور نواز شریف کو سندھ اور اس کے دارالحکومت کراچی میں ہونے والے ترقیاتی کام سے شدید تکلیف ہورہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے عوام نے ان جماعتوں کی پرتشدد ہڑتال کو مسترد کرکے ثابت کردیا ہے کہ کراچی کے عوام ان عوام دشمن جماعتوں کے خلاف پوری طرح متحد ہیں۔

سلمیٰ آغا کو ایم کیو ایم کے ماس کمیونیکیشن اینڈ میڈیا منیجمنٹ ونگ کا ایڈوائزر مقرر کردیا گیا

کراچی۔۔۔ 16، مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ملک کی مایہ ناز فنکارہ محترمہ سلمیٰ آغا کو متحدہ قومی موومنٹ کے ماس کمیونیکیشن اینڈ میڈیا منیجمنٹ ونگ (Mass Communication and Media Management Wing) کا ایڈوائزر مقرر کردیا ہے۔ واضح رہے کہ محترمہ سلمیٰ آغا نے کچھ عرصہ قبل متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کی تھی جس کے بعد سے وہ تحریک کے مختلف تنظیمی کاموں میں مصروف کار رہیں۔

قاضی حسین احمد اور مولانا فضل الرحمان، متحدہ کے علماء ونگ کے علماء کے سوالات کے جوابات دینے سے کیوں گھبرا رہے ہیں، ارکان قومی اسمبلی

بغیر نکاح کے اولاد پیدا کرنے کا ٹھوس ثبوت بھی موجود ہو تو ایسی صورت میں متحدہ مجلس عمل کے رہنماؤں کا ایسے فرد کے ساتھ رابطہ رکھنا، کھانا پینا اور اس کی حمایت کرنا کیا جائز عمل ہے؟

کراچی ۔۔۔ 16، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا ہے کہ متحدہ مجلس عمل کے رہنما خاص طور پر قاضی حسین احمد اور مولانا فضل الرحمان متحدہ قومی موومنٹ کے علماء ونگ کے علماء کے سوالات کے جوابات قوم کے سامنے پیش کریں۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ متحدہ مجلس عمل کے رہنماء خود کو علمائے دین کہنے کا دعویٰ کرتے ہیں اور ہمیشہ شریعت اور حدود اللہ کے نعرے لگاتے رہتے ہیں لیکن اب وہ متحدہ قومی موومنٹ کے علماء ونگ کے شرعی سوالات کے جوابات دینے سے کیوں گھبرا رہے ہیں؟ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ متحدہ کے علماء ونگ کے علماء نے متحدہ مجلس عمل کے رہنماؤں سے یہ سوال کیا ہے کہ حدود اللہ کے شرعی احکامات اور امت مسلمہ کے مستند امامین کے نزدیک ایک کلمہ گو مسلمان کا کسی غیر کلمہ گو عورت سے بغیر نکاح کئے ہم بستری کرنا کیا اسلامی تعلیمات اور آئمہ کرام کی تعلیمات کے مطابق درست ہے؟ اور بغیر نکاح کئے ہم بستری کر کے اولاد پیدا کرنے والے فرد یا افراد کو اپنی محفلوں میں بلانا، ان سے بغل گیر ہونا، ان کو اپنے درمیان بٹھانا، ان کے ساتھ کھانا پینا اور انہیں اپنا رفیق بنانا کیا قرآن وسنت کی تعلیمات کے مطابق جائز ہے؟ اور جبکہ بغیر نکاح کے اولاد پیدا کرنے کا ٹھوس ثبوت بھی موجود ہو تو ایسی صورت میں متحدہ مجلس عمل کے رہنماؤں کا ایسے فرد کے ساتھ رابطہ رکھنا، کھانا پینا اور اس کی حمایت کرنا کیا جائز عمل ہے؟ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ پوری قوم ان سوالات پر متحدہ مجلس عمل کے رہنماؤں خصوصاً قاضی حسین احمد اور مولانا فضل الرحمان کے جواب کی منتظر ہے۔

جب سے صوبہ سرحد اور بلوچستان میں متحدہ مجلس عمل کی حکومت قائم ہوئی ہے صوبہ سرحد اور بلوچستان مقتل گاہ بن چکے ہیں، ارکان سندھ اسمبلی

سرحد اور بلوچستان میں بے گناہوں کے خون کی ندیاں بہہ رہی ہیں اور متحدہ مجلس عمل کے رہنما حکومت کے مزے لوٹتے پھر رہے ہیں

کراچی ۔۔۔ 16، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا ہے کہ جب سے صوبہ سرحد اور بلوچستان میں متحدہ مجلس عمل کی حکومت قائم ہوئی ہے صوبہ سرحد اور بلوچستان مقتل گاہ بن چکے ہیں، وہاں کے عوام کا جینا حرام ہو چکا ہے، سرحد اور بلوچستان میں بے گناہوں کے خون کی ندیاں بہہ رہی ہیں اور متحدہ مجلس عمل کے رہنما حکومت کے مزے لوٹتے پھر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان دونوں صوبوں میں بم دھماکے، خودکش حملے، قتل وغارتگری، راکٹ لانچروں سے حملے اور لوٹ مار روزمرہ کا معمول بن چکے ہیں، روز بے گناہوں کی لاشیں گر رہی ہیں، سرحد اور بلوچستان میں گھر گھر ماتم بپا ہے لیکن متحدہ مجلس عمل کے رہنما اور وزراء مال بنانے میں مصروف ہیں۔ حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ صوبہ سرحد اور بلوچستان میں امن وامان کی بحالی اور وہاں کے عوام کی جان ومال کے تحفظ کیلئے فوری طور پر سرحد میں متحدہ مجلس عمل کی حکومت برطرف کی جائے اور بلوچستان کی حکومت سے متحدہ مجلس عمل کو باہر نکالا جائے۔

ممتاز بیگ اور غلام محمد بٹ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی ۔۔۔ 16/ جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 185 کے کارکن ممتاز بیگ اور ایم کیو ایم محمود آباد سیکٹر یوسی 2 کے کشمیری کارکن حفیظ بٹ کے والد غلام محمد بٹ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق دے۔

حدوداللہ کے حوالے سے قاضی حسین احمد کے قول وفعل میں تضاد ہے، ایم کیوایم ایلڈرز ونگ

کراچی۔۔۔16، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ ایلڈرز ونگ کے ارکان نے کہا ہے کہ حدوداللہ کے حوالے سے قاضی حسین احمد کے قول وفعل میں تضاد کھلی منافقت ہے اور قاضی حسین احمد نے ایم کیوایم کے خلاف تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان کی حمایت کا اعلان کرکے ثابت کردیا ہے کہ وہ حدوداللہ کی خلاف ورزی کررہے ہیں۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ثبوت وشواہد کی روشنی میں یہ تسلیم کیا جاچکا ہے کہ عمران خان کے سیتاوائٹ نامی غیرکلمہ گو خاتون سے ناجائز تعلقات تھے جس سے اس کی ناجائز بچی بھی ہے اور ایسے شخص کو جو زندگی بھر خواتین کو استعمال کرتا رہا ہو اور ناجائز بچی کا باپ بھی ہو اس شخص کی حمایت کرنا حدوداللہ کی صریحاً خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی خود کو اسلام کا علمبردار قرار دیتی ہے لیکن اس کے برعکس قاضی حسین احمد ایک ناجائز بچی کے باپ کی حمایت کا اعلان کررہے ہیں جو کہ ملک بھر کے عوام کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہونا تو یہ چاہیئے تھا کہ حدوداللہ کی خلاف ورزی پر قاضی حسین احمد سب سے پہلے صدائے احتجاج بلند کرتے لیکن اسلام کے ٹھیکیدار نہ صرف ایم کیوایم دشمنی میں حدوداللہ کی خلاف ورزی کے مرتکب عمران خان کو اپنی حمایت کا یقین دلارہے ہیں بلکہ ان سے تعاون بھی کررہے ہیں۔ ایلڈرز ونگ کے ارکان نے قاضی حسین احمد سے سوال کیا کہ وہ قوم کو بتائیں کہ جس شخص کے عمل وکردار پر حدوداللہ قائم کی جانی چاہیئے اس شخص کی حمایت کا اعلان کرکے وہ اسلام کی کونسی خدمت کررہے ہیں؟

ناظم آباد گلبہار سیکٹر کے جواں سال کارکن ممتاز بیگ انتقال کرگئے۔ الطاف حسین کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔16/جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 185 کے جواں سال کارکن ممتاز بیگ طویل علالت کے بعد انتقال کرگئے (انا للہ وانا الیہ راجعون)۔ مرحوم کی عمر 27 سال تھی اور وہ غیرشادی شدہ تھے۔ ممتاز بیگ گزشتہ چھ ماہ سے گردوں کی تکلیف میں مبتلا ہونے کے باعث سول اسپتال میں زیرعلاج تھے۔ گزشتہ روز انکی حالت اچانک خراب ہوگئی۔ ڈاکٹروں نے ان کی جان بچانے کی ہرممکن کوشش کی لیکن وہ کارآمد ثابت نہ ہوسکی اور رات 11 بجے ممتاز بیگ شدید تکلیف کے باعث رضائے الٰہی سے اپنے خالق حقیقی سے جاملے۔ ممتاز بیگ مرحوم کو آہوں اور سسکیوں کے درمیان سندھی ہوٹل قبرستان جانگیر آباد میں سپرد خاک کردیا گیا، ان کی نماز جنازہ بعد نماز ظہر حنفیہ مسجد والی گلی ادا کی گئی۔ نماز جنازہ اور تدفین میں کراچی تنظیمی کمیٹی کے رکن نیر اقبال، یوسی ناظمین، ناظم آباد گلبہار سیکٹر کمیٹی کے ارکان، علاقائی یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ممتاز بیگ مرحوم کا سوئم 17، جون بروز اتوار بعد نماز ظہر جامع مسجد حنفیہ جہانگیر آباد میں ہوگا جس میں ممتاز بیگ مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن وفاتحہ خوانی کی جائے گی جبکہ خواتین کیلئے سوئم کا اہتمام مرحوم کی رہائشگاہ پر کیا جائے گا۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ممتاز بیگ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ جناب الطاف حسین نے ممتاز بیگ مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کا ایک ایک کارکن آپ کے غم میں برابر کا شریک ہے اور ممتاز بیگ کے انتقال پر غم زدہ ہے۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ممتاز بیگ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ وہمت دے۔ (آمین)

جئے سندھ قومی محاذ کی سینٹرل کمیٹی کے اراکین نے نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم سے ملاقات

کراچی۔۔۔16، جون 2007ء

جئے سندھ قومی محاذ (جسقم) کی سینٹرل کمیٹی کے اراکین نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم سے ملاقات کی اور انہیں جسقم کے تحت 17، جون کو کراچی کے مقامی ہوٹل میں منعقد ہونے والی ''امن کانفرنس'' میں شرکت کا دعوت نامہ دیا۔ ملاقات میں جسقم کی سینٹرل کمیٹی کے اراکین ریاض احمد چانڈیو، سرمد میرانی، شوکت سانجبل، سجاد شر اور ولی جان رند شامل تھے جبکہ اس موقع پر ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین لونگ خان چنہ، ایوب شیخ اور ہمایوں زیدی بھی موجود تھے۔ ملاقات انتہائی خوشگوار ماحول میں ہوئی جس میں موجودہ سیاسی صورتحال، ملک وقوم کو درپیش مسائل اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور تبادلہ خیال کیا گیا۔

☆☆☆☆☆